Midterm Assessment ALP - Package B

PEHLA QADAM
NCHD

# اردو

کل وقت: 45 منٹ　　کل نمبر: 50

نام مع ولدیت: ________________________ رول نمبر: ________________ سنٹر کا نام: ____________________ تاریخ: ___________

| سوال نمبر | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | کل نمبر: 50 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حاصل کردہ نمبر | | | | | | | | | حاصل کردہ نمبر: |

**عزیز طلبہ و طالبات!** آپ سے گزارش ہے کہ تمام سوالات کو غور سے پڑھیں اور سمجھ کر جواب دیں۔ تمام سوالات کے جوابات لکھیں۔

**سوال نمبر 1:** املا لکھیں (ٹیچر طلباء کو سبق نمبر 3 ''کِس کے ساتھ کھیلوں؟'' کے پہلے پیراگراف میں سے کوئی سے دو جملوں کی اِملا لکھوائیں) (5 نمبر)

1: ________________________________________

2: ________________________________________

**سوال نمبر 2:** درج ذیل الفاظ پڑھیں اور ہر لفظ کے سامنے لکھیں کہ کتنی آوازوں سے بنا ہے۔ (5 نمبر)

| الفاظ | آوازیں |
|---|---|
| بیمار | پانچ |
| جگہ | |
| جھنڈا | |
| لطف | |
| وعدہ | |
| سانپ | |

**سوال نمبر 3:** نیچے دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔ (5 نمبر)

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ٹوپی | |
| کُرسی | |
| ہاتھ | |
| امتحان | |
| اصرار | |

**سوال نمبر 4:** درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔ (5 نمبر)

سوال: آبی، خشکی اور رینگنے والے جانوروں کے مسکن کے نام لکھیں۔

________________________________________

سوال: پاکستان کے صوبوں کے نام لکھیں۔

________________________________________

**سوال نمبر5:** دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10 نمبر)

سکول میں بھی فیضان کے یہی انداز ہیں۔ پُوچھے بغیر کبھی کسی کی پنسل لے لیتا ہے تو کبھی کسی کی بوتل سے پانی پی جاتا ہے۔ ٹیچر نے کئی بار سمجھایا ہے کہ کسی کی چیز استعمال کرنے سے پہلے اُس سے اجازت لیتے ہیں اور واپس کرتے ہوئے اُس کا شکریہ ادا کرتے ہیں لیکن اُس کے کان پر توجُوں تک نہیں رینگتی۔ آج کچھ بچے مل کر کھیل رہے تھے کہ یہ اُن کی گیند لے کر بھاگ گیا۔ بچے اُس کے پیچھے بھاگے۔ فیضان نے روتے ہوئے کہا ''باجی مجھ سے کوئی بات نہیں کرتا۔ میں کیا کروں، میرے ساتھ کوئی کھیلتا بھی نہیں۔'' اس مسئلے کا تو بڑا آسان حل ہے۔ تم اپنے دوستوں سے معافی مانگ لو اور اُنہیں یقین دلاؤ کہ آئندہ تم اُنہیں تنگ نہیں کرو گے اور اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرو گے۔

سوال نمبر1: ٹیچر نے فیضان کو بار بار کیا سمجھایا؟

______________________________

سوال نمبر2: فیضان کیا چیز لے کر بھاگا؟

______________________________

سوال نمبر3: فیضان کیوں رو رہا تھا؟

______________________________

**سوال نمبر6:** دیئے گئے عنوانات 'وعدہ، استاد اور میرا دوست'' میں سے کسی ایک عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔ (10 نمبر)

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

**سوال نمبر7:** کالم الف کو کالم ب کے ساتھ ملائیں۔ (5 نمبر)

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| قدرتی وسائل | چار |
| سمتیں | بجلی بنتی ہے |
| مال برادری | آکسیجن حاصل ہوتی ہے |
| پودوں سے | گھوڑے، گدھے۔ اونٹ |
| سولر پینل سے | پودے، جانور، پانی، ہوا |

**سوال نمبر8:** دوران امتحان اساتذہ طلباء کو انفرادی طور پر بُلا کر نیچے دیئے گئے اشعار کو سنیں۔ طلباء کے درست تلفظ، آہنگ اور روانگی کا جائزہ لیں۔ (5 نمبر)

دونوں جہاں کو فخر ہے اُس پر
اُس پہ اُتارا حق نے قرآں
میری ہر شے اُس پہ قربان
اُس کا کلمہ ہے میرا ایماں